## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین سے ٹیلی فون پر بات چیت

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی کی شہادت پر اظہار افسوس اور قتل کے واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کی یقین دہانی

## رضا حیدر کی شہادت ایک بڑا المیہ ہے جس پر پوری قوم دکھ اور صدمے سے دوچار ہے، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

## اس المناک سانحہ پر ساتھیوں کو صبر وتحمل کی تلقین کی کہ وہ پرامن رہیں، الطاف حسین

## اپنا مقدمہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کردیا ہے اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ انصاف ضرور کرے گا، الطاف حسین

لندن۔۔۔2، اگست 2010ء

وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور قتل کے واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کی یقین دہانی کرائی ہے۔ یہ یقین دہانی انہوں نے پیر کی شب متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کرائی۔ وزیراعظم نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے ساتھی کی شہادت ایک بڑا المیہ ہے، یہ بہت بڑا ظلم اور درندگی ہے جس پر پوری قوم دکھ اور صدمے سے دوچار ہے اور ہم سب آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی سطح پر رضا حیدر کے قتل کی تحقیقات میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور اس سلسلے میں وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک کو کراچی پہنچنے اور تحقیقات کیلئے کہا جاچکا ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ان حالات میں آپ نے جس طرح صبر وتحمل سے کام لیا اور صبر کی تلقین کی ہم آپ کی اس سیاسی بالغ نظری سے بیحد متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے رضا حیدر کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ سمیت سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز ہمارے سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ کو شاہ فیصل کالونی کے قبرستان میں اس وقت گھات لگا کر شہید کردیا گیا جب وہ اپنے عزیز کی قبر پر فاتحہ کررہے تھے اور آج دہشت گردوں نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر کو مسجد میں گھس کر شہید کردیا۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہی مجھے اس واقعہ کی اطلاع ملی میں نے فوراً نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ساتھیوں سے ٹیلی فون پر بات کی اور اس المناک سانحہ پر ساتھیوں کو صبر وتحمل کی تلقین کی کہ وہ پرامن رہیں، اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں کیونکہ ہم نے اپنا مقدمہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کردیا ہے اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ انصاف ضرور کرے گا۔ جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں سیلاب کی تباہ کاریوں اور سینکڑوں افراد کی ہلاکتوں کے واقعات پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان تمام سیاسی معاملات چھوڑ کر سیلاب زدگان کیلئے امدادی سرگرمیوں میں مصروف تھے کہ دہشت گردوں نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی کو دہشت گردی کا نشانہ بناڈالا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کو حکومتی سطح پر سیلاب زدگان کی بحالی اور امداد کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔

## کارکنان رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت کے سانحہ پر صبر وبرداشت سے کام لیں، الطاف حسین

## ہم اس سانحہ پر قانون کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے اور قانون کو کسی بھی قیمت پر ہاتھ میں نہیں لیں گے

## اپنا مقدمہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کردیا ہے، اللہ تعالیٰ بہتر انصاف کرنے والا ہے

## نائن زیرو پر اراکین رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور مختلف شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلیفون پر گفتگو

لندن۔۔۔ 2 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت یقیناً بہت بڑا سانحہ اور دردناک واقعہ ہے، کارکنان اس سانحہ پر صبر وبرداشت سے کام لیں، ہم اس پر قانون کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے اور قانون کو کسی بھی قیمت پر ہاتھ میں نہیں لیں گے۔ انہوں نے یہ بات پیر کی شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی، ارکان اسمبلی اور مختلف شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور تمام کارکنوں سے تعزیت کی۔ رابطہ کمیٹی نے بھی جناب الطاف حسین سے اس سانحہ پر تعزیت کی۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اس سے قبل بھی ایسی آزمائشوں کا سامنا کیا ہے اور آنسوؤں اور سسکیوں کے ساتھ اپنے پیارے ساتھیوں کے جنازے اٹھاتے رہے ہیں اور صبر کرتے رہے ہیں، ہم اپنے ایک اور پیارے ساتھی رضا حیدر کی شہادت پر بھی صبر کررہے ہیں، ہم نے اپنا مقدمہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کردیا ہے، ہمیں اللہ تعالیٰ کے انصاف پر پورا یقین ہے، اس کی

لاٹھی ضرور حرکت میں آئے گی۔انہوں نے رابطہ کمیٹی کے توسط سے تمام کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ صبر کریں اوراس بات پر یقین رکھیں کہ اللہ تعالیٰ بہترانصاف کرنے والا ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رضا حیدرشہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے،لواحقین کوصبرجمیل عطا کرے اور ہماری غیب سے مدد فرمائے۔انہوں نے رضاحیدرشہید کے محافظ محمد خالد خان شہید اورگزشتہ روز شاہ فیصل کالونی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے سابق کونسلر جمیل خانزادہ کی شہادت پر بھی افسوس کا اظہار کیا۔

## رکن سندھ اسمبلی سیدرضا حیدر کی شہادت ایک بہت بڑا سانحہ ہے۔الطاف حسین

## سیدرضا حیدر کی شہادت ایک دلخراش واقعہ ہے جس پرصرف میرا ہی نہیں بلکہ ایم کیوایم کے ہرکارکن کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے

## سیدرضا حیدر کی شہادت کے سانحہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے

لندن۔۔۔2،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے رکن سندھ اسمبلی سیدرضا حیدر کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس المناک واقعہ کوایک بہت بڑا سانحہ قرار دیا ہے۔اپنے ابتدائی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ رضا حیدر کی شہادت ایک دلخراش واقعہ ہے جس پرصرف میرا ہی نہیں بلکہ ایم کیوایم کے ہرکارکن کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔رضا حیدرشہید تحریک کے ایک بہت پرانے اورابتدائی دنوں کے ساتھی تھے جو ہر مشکل سے مشکل اور کٹھن حالات میں بھی تحریک سے جڑے رہے،انکی شہادت سے تحریک اپنے ایک سچے ساتھی سے محروم ہوگئی ہے،سیدرضا حیدر کی شہادت تحریک کیلئے ایک بہت بڑا نقصان ہے جس کی تلافی نہیں ہوسکتی۔جناب الطاف حسین نے سیدرضا حیدرشہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ پر میں ہی نہیں بلکہ میرے تمام ساتھی آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں،ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ رضا حیدرشہید کوشہادت کا درجہ عطا کرے،ان کی قربانی کو قبول فرمائے،رضا حیدرشہید کو جنت الفردوس میں جگہ دے تمام سوگواروں کوصبرجمیل عطا کرے۔انہوں نے سیدرضا حیدر کی شہادت کے سانحہ پرایم کیوایم کے تمام کارکنوں سے بھی دلی تعزیت کی اور کہا کہ رضا حیدرشہید کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اورتمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ رکن سندھ اسمبلی سیدرضا حیدر کی شہادت کے سانحہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔

## کارکنان وعوام رضا حیدر کی شہادت پراپنے جذبات قابو میں رکھیں اور پرامن رہیں،الطاف حسین

## تحریک کے مخلص ساتھی کی شہادت پر مجھ سمیت تحریک کے تمام کارکنان شدت غم سے نڈھال ہیں

## کارکنان وعوام پرامن رہ کرشہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں

## کارکنان وعوام تین روزہ سوگ میں حصہ لیں اور پرامن رہ کرشہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کریں

لندن۔۔۔2،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنان وحق پرست عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر کی شہادت پراپنے جذبات قابو میں رکھیں اور پرامن رہیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ رضا حیدر اور انکے محافظ محمد خالد کا قتل ایک بڑا سانحہ ہے اورتحریک کے مخلص،سینئر اور ثابت قدم ساتھی کی شہادت پر مجھ سمیت تحریک کے تمام کارکنان شدت غم سے نڈھال ہیں اور گہرے دکھ اورصدمے سے دوچار ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ پر میں تحریکی ساتھیوں کے جذبات کواچھی طرح سمجھ سکتا ہوں لیکن میری اپنے تمام ساتھیوں اورحق پرست عوام سے پرزور اپیل ہے کہ وہ آزمائش کی اس گھڑی میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں،ضبط وبرداشت سے کام لیں،اپنے جذبات قابو میں رکھیں اور پرامن رہ کرشہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان اورحق پرست عوام پرزور دیا کہ وہ دہشت گردی کے اس واقعہ کے خلاف ایم کیوایم کے تین روزہ سوگ میں بھرپور حصہ لیں اور پرامن رہ کرشہداء کے ایصال ثواب کیلئے اپنے اپنے زونل دفاتر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کریں۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر عوامی نیشنل پارٹی کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہو گئے

## رضا حیدر اپنے عزیز کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے ناظم آباد نمبر 2 میں واقع جامعہ مسجد گئے تھے، وضو کرتے ہوئے فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا

## دہشت گردوں کی فائرنگ سے انکے محافظ محمد خالد اور ایم کیو ایم کے ہمدرد محمد ارسلان بھی شہید ہو گئے

## شہادت کے واقعہ پر عباسی شہید اسپتال میں رقت انگیز مناظر، ایم کیو ایم کے کارکنان پھوٹ پھوٹ کر روتے رہے

کراچی۔۔۔2، اگست 2010ء

عوامی نیشنل پارٹی کے مسلح دہشت گردوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر انکے محافظ محمد خالد اور ایم کیو ایم کے جواں سال ہمدرد محمد ارسلان کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا (اناللہ وانا الیہ راجعون) دہشت گردی کے واقعہ سے ایم کیو ایم کے کارکنان وعوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔تفصیلات کے مطابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر پیر کے روز اپنے عزیز کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے ناظم آباد نمبر 2 میں واقع انکوائری آفس گئے تھے اور جامعہ مسجد میں وضو کر رہے تھے کہ موٹر سائیکل سوار عوامی نیشنل پارٹی کے مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھادھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، ان کے محافظ محمد خالد اور ایم کیو ایم ناظم آباد کے ہمدرد محمد ارسلان شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر عباسی شہید اسپتال لے جایا گیا جہاں وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہو سکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے ۔دہشت گردی کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندے اور ایم کیو ایم کے کارکنان کی بہت بڑی تعداد عباسی شہید اسپتال پہنچ گئی جہاں انتہائی رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ایم کیو ایم کے کارکنان رضا حیدر، ان کے محافظ اور ایم کیو ایم کے ہمدرد کی شہادت کے واقعہ پر شدت جذبات سے بے قابو تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے غم زدہ کارکنان کو گلے لگا کر تسلی دی اور اس المناک واقعہ پر صبر کی تلقین کی۔47 سالہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر ولد سید بہادر علی اورنگی ٹاؤن کے علاقے سے تعلق رکھتے تھے اور ان دنوں نارتھ ناظم آباد میں رہائش پذیر تھے۔شہید ایم کیو ایم کے سینئر اور سرگرم کارکنان میں شمار کئے جاتے تھے اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔شہید ایم کیو ایم کے مخلص اور ثابت قدم کارکن تھے اور انہوں نے مختلف تنظیمی ذمہ داریوں پر فرائض انجام دیئے۔رضا حیدر شہید نے اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے انچارج کی حیثیت سے بھی تنظیمی فرائض ادا کئے اور وہ 2008ء کے عام انتخابات میں اورنگی ٹاؤن کے حلقہ 94 سے رکن سندھ اسمبلی منتخب ہوئے۔شہید اعلیٰ تعلیم یافتہ، پرخلوص اور ملنسار انسان تھے اور ہر ایک کے کام آکر خوشی محسوس کیا کرتے تھے۔شہید کے سوگواران میں بیوہ، ایک بیٹا اور ایک بیٹی شامل ہیں۔مرحوم کو کل بعد نماز ظہر شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا اور جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں شہید کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔

## رضا حیدر کی شہادت کے خلاف ایم کیو ایم نے تین روزہ پرامن سوگ کا اعلان کر دیا

## کارکنان وعوام پرامن سوگ میں بھرپور حصہ لیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔2، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر اور ان کے محافظ کی شہادت کے واقعہ پر تین روزہ پرامن سوگ منانے کا اعلان کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آج ناظم آباد کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر اور ان کے محافظ محمد خالد کا بہیمانہ قتل ایک بڑا سانحہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے اس واقعہ پر تین روزہ پرامن سوگ منانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ تین روزہ پرامن سوگ کے دوران کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیو ایم کے تمام تنظیمی دفاتر میں حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اور ہمدرد عوام سے اپیل کی کہ وہ رضا حیدر کی شہادت کے المناک واقعہ کے خلاف تین روزہ پرامن سوگ میں بھرپور حصہ لیں اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کریں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر اور انکے محافظ محمد خالد کے وحشیانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے اس واقعہ کو کراچی کا امن تباہ کرنے اور ملک کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ رضا حیدر کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے، اس واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے رضا حیدر اور محمد خالد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیو ایم ناظم آباد کے جواں سال ہمدرد محمد ذیشان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی کی شہادت پر وزیراعلیٰ سندھ اور سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر سمیت وفاقی وصوبائی وزراء کا اظہارتعزیت

لندن۔۔۔2،اگست 2010ء

وزیراعلیٰ سندھ اور سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر سمیت وفاقی وصوبائی وزراء نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، وزیرداخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا، سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر جام مدد علی اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے سید رضا حیدر کی شہادت کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور دہشت گردی کے اس واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رضا حیدر، ان کے محافظ اور ایم کیوایم کے ہمدرد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید کی نمازِ جنازہ جناح گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی

کراچی۔۔۔2،اگست 2010ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید کی نمازِ جنازہ منگل کو بعد نماز ظہر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی جائیگی بعدازاں شہید کو شہداء قبرستان عزیز آباد میں سپرد خاک کیا جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ شہید کی نمازِ جنازہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندے صوبہ سندھ میں متوقع سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں،الطاف حسین کی ہدایت

## مخیّر حضرات سیلاب سے متاثرہ عوام کی بھرپور مدد کریں اور اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں جمع کرائیں

لندن۔۔۔2،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست عوامی نمائندوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ صوبہ سندھ میں متوقع سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت صوبہ خیبر پختونخوا، صوبہ پنجاب اور صوبہ بلوچستان کے عوام کو شدید مشکلات اور مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، قدرتی آفات کے باعث سینکڑوں افراد جاں بحق ہوچکے ہیں جبکہ ہزاروں خاندان کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں تباہ کاریوں کے بعد اب صوبہ سندھ میں بھی طوفانی بارشوں اور سیلاب کی اطلاعات آرہی ہیں اور متوقع سیلاب کی صورتحال کے باعث وفاقی وصوبائی حکومت کو شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام تر سرکاری وسائل بروئے کار لانے چاہئیں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کو ہدایت کی کہ وہ صوبہ سندھ میں متوقع سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور مصیبت کی اس گھڑی میں قدرتی آفات سے متاثرہ عوام کی ہرممکن مدد کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں امدادی کیمپ لگائے جاچکے ہیں جہاں حق پرست عوام کی جانب سے غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء جمع کرائی جارہی ہیں۔انہوں نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی بھرپور امداد کریں اور غذائی اجناس سمیت روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں جمع کرائیں۔

## ایم کیوایم کے زیر انتظام نصیر آباد بلوچستان میں مفت طبّی کیمپ قائم کر دیا گیا

## طبّی کیمپ کے پہلے روز چھ سو سے زائد مریضوں کو طبّی سہولیات کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں

## عوام خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں نے کیمپ پر پہنچ کر ایم کیوایم کی طبّی سرگرمیوں سے استعفادہ کیا

کوئٹہ۔۔۔02،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیر اہتمام بلوچستان کی تحصیل نصیر آباد میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کو طبّی امدادی سہولیات کی فراہمی کیلئے فوری طور پر طبّی کیمپ قائم کر دیا گیا ہے ۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے نصیر آباد منجوں شوری اللہ دینو گوٹھ نصیر آباد میں لگائے گئے طبّی کیمپ کے پہلے روز شعبہ طب سے وابستہ ڈاکٹرز پر مشتمل ماہرین نے مجموعی طور پر کیمپ میں ہزاروں مریضوں کا مکمل طبّی معائنہ کیا اور انہیں مفت ادویات فراہم کیں جن میں خواتین ، بچے ، بزرگ اور نوجوان شامل تھے ۔بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ عوام کو طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم کیوایم کے طبّی امدادی کیمپ پر عوام خصوصاً خواتین ، بچوں اور بزرگوں کا زبردست رش دیکھنے میں آیا اور متاثرہ لوگوں نے بڑی تعداد میں کیمپ پہنچ کر ایم کیوایم کی طبّی سہولیات سے استعفادہ کیا اور اس موقع پر خواتین اور بزرگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے مصیبت کی اس گھڑی میں سب سے پہلے ہمارے دکھ درد کو محسوس کیا اور ہماری فریادسنی ،ہم الطاف حسین کے انتہائی ممنون ومشکور ہیں جنہوں نے ہماری دادرسی کیلئے نہ صرف مفت طبّی کیمپ قائم کیا بلکہ ادویات بھی فراہم کیں ۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں اور ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالخالق بلوچ کے ہمراہ منجوں شوری اللہ دینو گوٹھ نصیر آباد میں قائم طبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور مریضوں کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا اوران پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے نصیر آباد میں سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ علاقوں گوٹھ اللہ ڈنہ عمرانی ،سوالی خان واجہ کا دورہ کیا اور عوام سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے ۔یوسف شاہوانی نے متاثرہ عوام کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ان کے ساتھ ہے اور کسی صورت انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی ۔اس موقع پر بلوچستان کے قائمقام انچارج مجیب الاسلام رودینی ،صوبائی کمیٹی کے رکن محمد اکبر مینگل ،تحصیل کمیٹی ،نصیر آباد کے آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے ۔

## سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ کو عظیم پورا کے قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی ،حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ،سابق حق پرست بلدیاتی نمائندوں اور کارکنان کی شرکت

## شہید کا سوئم منگل کو بعد نماز ظہر شاہ فیصل کالونی نمبر 3 میں واقع جامعہ مسجد موتی میں ہوگا

کراچی۔۔۔2،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن اور سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ شہید کو سوگواران کی بڑی تعداد کی موجودگی میں عظیم پورہ کے قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ شاہ فیصل کالونی نمبر 3 میں واقع قائد پارک میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل ،کنور خالد یونس ،حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ ،اقبال محمد علی ،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی ندیم مقبول ،وسیم احمد ،نشاط ضیاء ،سابق حق پرست بلدیاتی نمائندوں ،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی ،ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کمیٹی کے اراکین ،یونٹوں کے ذمہ داران ،کارکنان ،ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔دریں اثناء جمیل خانزادہ شہید کا سوئم 3 اگست بروز منگل کو بعد نماز ظہر شاہ فیصل کالونی نمبر 3 میں واقع جامعہ مسجد موتی میں ہوگا۔جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایک ماہ میں سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ سمیت 6 کارکنان کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔2،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن اور سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بہیمانہ قتل کی اس واردات کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکن جمیل خانزادہ کو گزشتہ روز مسلح دہشت گردوں نے اس وقت نشانہ بنایا جب وہ عظیم پورا قبرستان میں اپنے والدین کی قبروں پر فاتحہ خوانی کررہے تھے اور یہ واقعہ دہشت گردوں کی سفاکی اور درندگی کا منہ بولتا ثبوت ہے ۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ جولائی کے مہینے میں گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ B پر اے این پی کے مسلح

دہشت گردوں نے حملہ کیا اور اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں یونٹ کمیٹی کے رکن سید شفیق کرمانی (رضوان شاہ) شہید اور متعدد کارکنان زخمی ہوگئے، ایم کیو ایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 1 کے کارکن نذیر خان کو اے این پی کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید دیا، اسی طرح ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن اصغر حسین، ایم کیو ایم ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے یونٹ انچارج جعفر عالم، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی شاہ فیصل سیکٹر یوسی 7 کے رکن ڈاکٹر محمد عرفان مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان کی شہادت کے افسوسناک واقعات کے علاوہ شہر میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی بلدیہ ٹاؤن یونٹ 7 کو نامعلوم مسلح افراد نے نذر آتش کردیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے 6 کارکنان گزشتہ جولائی کے مہینے میں بیدردی سے شہید کردیئے گئے تاہم ان کے قتل میں ملوث بعض عناصر کی نشاندہی کے باوجود بھی درندہ صفت عناصر قانون کی گرفت سے اب تک محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان کے قتل کے علاوہ اس کے یونٹ آفسوں پر مسلح حملے اور نذر آتش کرنے کے واقعات ثابت کرتے ہیں کہ دہشت گرد شہر کے امن سے کھلے عام کھیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کو شہر کراچی میں امن وامان کی خرابی میں ملوث قرار دینے والے عناصر جواب دیں کہ وہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان کی شہادتوں کے واقعات پر کیوں خاموش ہیں؟ اور ان کے پس پردہ عوامل پر آواز بلند کرنے سے کیوں گریز کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے شہر کے امن کی خاطر ماضی میں بھی قربانیاں دیں ہیں اور اس مرتبہ بھی قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے والے عناصر کی سازشوں کو صبر کے گھونٹ پی کرنا کام بنادیا جائے گا۔ انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ شہر قتل وغارتگری کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کو ماضی کی طرح اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن اور سابق حق پرست کونسلر جمیل خانزادہ سمیت 6 کارکنان کے صرف جولائی کے مہینے میں بہیمانہ قتل اور یونٹ آفس پر حملے اور انہیں نذر آتش کرنے کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ایم کیو ایم کے کارکنان کے قتل اور شہر کا امن خراب کرنے میں ملوث دہشت گردو کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور سخت سزا دی جائے۔

## شہر میں بسوں، منی بسوں کے مسافروں اور خواتین سے لوٹ مار وارداتوں کا نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔2، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے شہر کے مختلف علاقوں میں بسوں، منی بسوں، رکشوں، ٹیکسیوں کے مسافروں اور موٹر سائیکل سوار نوجوانوں سے مسلح افراد کی لوٹ مار کی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے بنارس، کٹی پہاڑی، حبیب بینک، سہراب گوٹھ، قائد آباد کے علاقوں میں مسلح جرائم پیشہ عناصر کی لوٹ مار سے غریب عوام روزانہ اپنی محنت اور مشقت کی کمائی سے محروم ہورہے ہیں جبکہ جرائم پیشہ عناصر لوٹ مار کی وارداتوں میں خواتین تک کو نہیں بخش رہے اور بیدردی سے ان کے جسموں سے زیوارت نوچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات بھی رونما ہوچکے ہیں کہ لوٹ مار کی واردات کے دوران جرائم پیشہ عناصر نے بلا جواز لوگوں کو گولیاں مار کر قتل کردیا۔ انہوں نے شہر میں سفر کے دوران لوٹ مار کی وارداتیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کیلئے کھلا چیلنج ہیں اور اس کے سدباب کیلئے فی الفور مثبت اقدامات کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں لوٹ مار کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔02، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن رانا محمد شریف کی والدہ محترمہ ریشماں بیگم، ایم کیو ایم بزنس روڈ سیکٹر یونٹ 36 کے کارکن ہاشم حسین کے والد غلام عباس، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکنان محمد شاہد قریشی اور محمد رضوان قریشی کے والد محمد اشتیاق قریشی، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن محسن منظور کے والد منظور عباس، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 163 کے فنانس سیکرٹری امام علی کے بڑے بھائی ناظم علی، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن ندیم کے والد منیر حسین، ایم کیو ایم اورنگی سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن محمد شکیل کے والد محمد ہارون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن حبیب احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔02، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم A-4 کے کارکن حبیب احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ آپ کے غم میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سانگھڑ کے کارکن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔02، اگست 2010ء

ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈوم آدم A-4 کے کارکن علالت کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 40 سال تھی انکے سوگواران میں بیوہ، ایک بیٹا اور تین بٹیاں شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ ٹنڈو آدم A-4 کے کارکن کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورلواحقین کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## اے این پی کے مسلح دہشت گردوں کے قاتلانہ حملے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، محافظ محمد خالد کو شہید کردیا اور ایم کیوایم کے ہمدرد محمد ذیشان کو شدید زخمی کردینا کھلی دہشت گردی ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔2، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوامی نیشنل پارٹی کے مسلح دہشت گردوں کے قاتلانہ حملے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر سمیت، انکے محافظ محمد خالد کو شہید اور ایم کیوایم کے ہمدرد محمد ذیشان کو شدید زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے بزدلانہ کارروائی اور کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے این پی کے مسلح دہشت گرد اس سے قبل بھی گلستان جوہر میں ایم کیوایم کے یونٹ B پر مسلح حملہ کرکے یونٹ کمیٹی کے سید شفیق کرمانی کو شہید اور متعدد کارکنان کو زخمی کرچکے ہیں، اے این پی شہر میں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کررہی ہے اوراس کی ان جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ایم کیوایم کے حق پرست نمائندے سب سے بڑی رکاوٹ ہیں اور یہی وجہ ہے کہ جرائم پیشہ عناصر پر مشتمل اے این پی کے مسلح دہشت گردوں نے پیر کے روز ایم کیوایم کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، ان کے محافظ محمد خالد کو شہید کردیا اور ایم کیوایم ناظم آباد کے ہمدرد محمد ارسلان شدید زخمی کردیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے این پی کے دہشت گردوں کے قاتلانہ حملے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی، کارکن سمیت دوافراد کی شہادت سے ثابت ہوگیا ہے کہ اے این پی کو شہر کے امن، ترقی وخوشحالی سے کوئی دلچسپی نہیں ہے اوراے این پی کی طرح شہر کو بھی لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کا گڑھ بنانا چاہتی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر کراچی کے عوام ہر بار ایم کیوایم کے نامزد کردہ امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کراتے ہیں اور ظلم کی انتہاء یہ ہے کہ عاقبت نااندیش عناصر کی جانب سے شہر میں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان اور معصوم عوام کی ٹارگٹ کلنگ کے الزامات بھی ایم کیوایم پر عائد کردیئے جاتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں امن وامان کے قیام اورٹارگٹ کلنگ کے خاتمے کیلئے ضروری ہے کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر اوران کے سرپرستوں کے خلاف سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر کارروائی عمل میں لائی جائے اورعوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں قیام امن کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان نے جوقربانیاں دی ہیں وہ ہرگز رائیگاں نہیں جانے دی جائیں گی اور شہر کی صورتحال کو سبوتاژ کرنے والے عناصر دراصل ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اوران کے خلاف کارروائی عمل میں لانے سے ہی شہر کے امن کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے سید رضا حیدر شہید، ان کے محافظ محمد خالد اور ایم کیوایم کے ہمدرد محمد ارسلان کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اوراپنے اتحاد سے دہشت گردوں کی تمام سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اے این پی کے مسلح دہشت گردوں کے قاتلانہ حملے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر، ان کے محافظ محمد خالد اور ایم کیوایم کے ہمدرد محمد ذیشان کی شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔

☆☆☆☆☆